# KARWAN-E-TAJ (Pvt) Ltd.

ENR-3298
MNZ-6761



(معاہدہ مابین حجاج)

## کاروان تاج حج عمرہ سروسز پرائیویٹ لمیٹڈ پیکج ۲۰۱۸ء /1439ھ

1-J-1, 5/F-1 کمرشل ایریا واپڈا ٹاؤن لاہور

(35 تا 40 یوم)

میں مسمی مسمات سردار محمد عاشق ڈھگوڈر

ولد / زوجہ سردار جلال الدین ڈھوگر

☆ کہ میں کاروان تاج حج عمرہ سروسز پرائیویٹ لمیٹڈ کے شرائط وضوابط کا پابند رہوں گا / رہونگی۔ اور یہ کے حج کے متعلق و دیگر انتظامی امور میں کسی قسم کی مداخلت نہیں کروں گا / کروں گی۔

☆ اور یہ کہ وزارت مذہبی امور، حکومت پاکستان اور وزارت حج، سعودی عرب کی طرف سے حج پالیسی سے متعلق عائد کردہ تمام قوانین وشرائط اور ان میں آئندہ ہونے والی کسی بھی تبدیلی پر عمل کرنے کا پابند رہوں گا / رہوں گی۔

☆ اور یہ کہ تمام سعودی قوانین کی پیروی کروں گا۔ کروں گی۔ ان میں آئندہ ہونے والی کسی بھی تبدیلی پر عمل کرنے کا پابند رہوں گا۔ رہوں گی۔

☆ اور یہ کہ تمام سیاسی سرگرمی میں، مذہبی تعصب، سعودی حکام، معلم یا ان کے کسی نمائندوں کے خلاف مظاہرہ اور احتجاج سے اجتناب کروں گا / کروں گی۔ اور اس قسم کا کوئی عمل نہیں کرونگا / کرونگی جس سے پاکستان کی عزت پر حرف آئے۔

☆ (35 تا 40 دن کیلئے یہ شرائط لاگو ہوں گی) اور یہ میرے علم میں ہے کہ شفٹنگ پیکج ہے اور مجھے (حج کے 5 ایام کے علاوہ) 8 تا 10 یوم تک عزیزیہ، خالدیہ، شوقیہ، وغیرہ میں رکھا جائے۔ یہاں پر رہائش شیرنگ پر مبنی ہوگی جہاں پر مرد اور خواتین علیحدہ علیحدہ ہوں گے۔

☆ میں کسی بھی ناگہانی صورت کی وجہ سے پیکج کی رقم واپسی کی شرائط جو مقرر کردہ ہیں ان سے متفق ہوں اور ان شرائط کا پابند رہوں گا / رہونگی۔

☆ حجاج کی ارضِ مقدس روانگی اور واپسی کیلئے جو بھی ائرلائن ملے گی، اس کی روانگی اور واپسی کا جو بھی شیڈول مقرر ہے وہ مجھے بغیر کسی اعتراض کے قبول ہے۔ اور میں ہر شیڈول کا پابند ہوں گا / رہوں گی۔

☆ میں اپنے گروپ لیڈر کو حج سے متعلقہ تمام ملکی و بیرونی انتظامات کرنے کا مکمل اختیار دیتا ہوں / دیتی ہوں۔

☆ کمپنی کی طرف سے منعقدہ حج ٹریننگ پروگرام میں ضرور شرکت کروں گا / کرونگی۔

5/F-1, J-1, Commercial Area, Wapda Town, Lahore.
karwan-e-taj@hotmail.com Ph: +92-42-35224526

# KARWAN-E-TAJ (Pvt) Ltd.

ENR-3298
MNZ-6761

☆ کمپنی کی طرف سے منعقد حج ٹریننگ پروگرام میں ضرور شرکت کروں گا/ کرونگی۔



☆ اور یہ کہ کاروان تاج حج عمرہ سروسز پرائیویٹ لمیٹڈ کی طرف سے مکہ اور مدینہ میں جو رہائش مجھے دی جائے گی میں اُس میں رہنے کا پابند ہوں گا/ ہونگی۔ اور مجھے معلوم ہے کہ رہائش شیئرنگ ہے اس لیے میرے ساتھ کسی اور فیملی یا کسی اور مرد یا عورت کو ٹھرانے پر مجھے کوئی اعتراض نہیں ہوگا۔

☆ اور گروپ لیڈر کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ مکہ اور مدینہ میں مردوں اور عورتوں کو الگ الگ رکھنا چاہے اور مجھے اُس پر بھی کوئی اعتراض نہیں ہوگا۔

☆ میں نے اس پیکج کی تمام تفصیلات خود پڑھی ہیں اور ان کو بغور سمجھنے کے بعد اپنا حج اس کمپنی کے ساتھ کرنے پر رضامند ہوں۔

☆ ہر طریقہ سے جسمانی اور ذہنی طور پر حج کرنے کے قابل ہوں اور میری بیماری/ جسمانی معذوری میرے حج میں یا میرے اپنے گروپ میں موجود ساتھیوں کی مدد سے رکاوٹ کا باعث نہیں بنے گی۔

☆ میں کسی بھی صورت میں مکہ/ مدینہ میں دیئے گئے پروگرام سے ہٹ کر قیام میں تبدیلی نہیں کروں گا/ کروں گی۔ روانگی کے وقت اور تاخیر کی صورت میں بھی اپنی رہائش پر موجود رہوں گا/ رہوں گی۔ بس کا A.C خراب ہونے کی صورت میں کمپنی ذمہ دار نہ ہوگی۔

☆ میں جانتا ہوں/ جانتی ہوں کہ دوران حج وفات کی صورت میں تدفین سعودی عرب میں ہوگی اس سلسلہ میں کمپنی کے خرچہ پر لانے کے لئے کوئی درخواست قابل قبول نہیں ہوگی۔ اور نہ ہی کمپنی ذمہ دار ہوگی۔

☆ میں جانتا ہوں/ جانتی ہوں کہ باتھ روم/ حمام کی سہولت شراکت کی بنیاد پر فراہم کی جاتی ہے میں اس سلسلے میں حجاج کرام اور معلم سے برداشت اور صبر و تحمل سے پیش آؤں گا/ آؤں گی اور باتھ روم کا راستہ میرے کمرے سے گزرتا ہوگا تو میں دروازہ بند کر کے دوسروں کا راستہ بند نہیں کروں گا/ کروں گی

☆ میرے علم میں ہے کہ دوران حج جو بسیں فراہم کی جاتی ہیں وہ معلم کی طرف سے اور شراکت کی بنیاد پر ہوتی ہیں۔ ان میں سیٹ پہلے آئیں پہلے پائیں کی بنیاد پر دستیاب ہوتی ہیں۔ اس لئے میں نماز کے اوقات سے مناسب حد تک پہلے بسوں کے سٹاپ تک پہنچوں گا/ پہنچوں گی تاکہ ٹریفک جام یا دیگر عوامل کی وجہ سے دیر ہونے کی صورت میں مجھے مشکلات کا سامنا نہ ہو۔ میں یہ بھی جانتا ہوں/ جانتی ہوں کہ اس بات کا امکان ہے کہ بس اسٹاپ پر مجھے انتظار کرنا پڑے تو خوش اسلوبی سے کروں گا/ کروں گی۔ جس پر میرا کوئی کلیم نہ ہوگا۔ اگلی 2 عدد سیٹیں گروپ لیڈر کے لئے مقرر ہوگی۔ کسی بھی حاجی کو ان سیٹ پر نہیں بیٹھے گا۔

☆ میں تمام اوقات صبر و تحمل کا مظاہرہ کروں گا/ کروں گی۔ اور بچوں، خواتین اور عمر رسیدہ حجاج کرام کو بسوں میں سوار ہونے کی ترجیح دوں گا/ دوں گی۔

☆ وزارت حج سعودی عرب یا وزارت مذہبی امور پاکستان کی طرف سے کھانا مشترکہ سعودی کمپنیوں سے لینے کی پابندی کی صورت میں کھانا بوفے، پارسل، یا کوپن کی شکل میں دیا جائے گا۔ منیٰ، عرفات میں معلم کھانا دیتا ہے۔ جو کہ ہمیں قابل قبول ہوگا۔

☆ میں تمام معلومات/ شرائط وضوابط حج پیکج کو بغور پڑھ لیا ہے اور ان سے پوری طرح متفق ہوں، اور یہ کہ ان شرائط وضوابط کا پابند رہوں گا/ رہوں گی۔ اور یہ کہ حج

5/F-1, J-1, Commercial Area, Wapda Town, Lahore.
karwan-e-taj@hotmail.com Ph: +92-42-35224526

# KARWAN-E-TAJ (Pvt) Ltd.

ENR-3298
MNZ-6761

وغیرہ کے متعلق و دیگر انتظامی امور میں کسی قسم کی مداخلت نہیں کروں گا / کروں گی۔

☆ اور یہ کہ میں نے تمام کاغذات، فون نمبرز اور معلومات جو کاروان تاج حج عمرہ سروسز پرائیویٹ لمیٹڈ کو مہیا کی ہیں درست ہیں۔ اور میں ان کا ذمہ دار ہوں۔

صفحہ نمبر 3

☆ طواف، زیارت اور رمی، جمعرات کو کنکریاں مارنا حاجیوں کا اپنا بندوبست ہوگا۔ ٹرانسپورٹ وغیرہ اس میں شامل نہیں ہے۔ حاجی ٹرانسپورٹ کا خود انتظام کرے گا۔

☆ 7-6 ذی الحج سے 14/13 ذی الحج کو حرم جانے کیلئے رش کی وجہ سے ٹرانسپورٹ مہیا نہیں کی جائے گی۔

☆ کوئی بھی حاجی اپنی مرضی سے مکہ، مدینہ اور جدہ کے علاوہ کسی دوسرے شہر میں نہیں جائے گا۔ کسی قسم کا مالی، جسمانی۔ نقصان ہونا کا حاجی خود ذمہ دار ہوگا۔ کمپنی کسی قسم کی نقصان کی ذمہ دار نہ ہوگی۔

☆ کسی بھی حاجی کو مکہ میں آب زم زم خرید کر ہوٹل کے کمرے میں رکھنے کی اجازت نہ ہوگی۔ اور نہ ہی زم زم کو بسوں میں رکھنے کی اجازت ہوگی۔

☆ کوئی بھی حاجی اپنی مرضی سے مکہ۔ مدینہ۔ اور جدہ کے علاوہ کسی دوسرے شہر میں بس جائے گا۔ کسی قسم کا مالی، جسمانی، نقصان ہونا کا حاجی خود ذمہ دار ہوگا۔

کمپنی کسی قسم کی نقصان کی ذمہ دار نہ ہونگی۔ تمام حاجیوں کا کھانا یکساں ایک جگہ بنانا ہے۔ کسی بھی حاجی کیلئے علیحدہ سے کھانا دینے کی کمپنی ذمہ دار نہ ہوگی۔

کسی بھی حاجی کو مکہ میں آب زم زم خرید کر ہوٹل کے کمرے میں رکھنے کی اجازت نہ ہوگی۔ اور نہ ہی ان کو بسوں میں رکھنے کی اجازت ہوگی۔

مکہ سے مدینہ دوران سفر کسی بھی حاجی کو بس میں زم زم رکھنے کی اجازت نہ ہوگی۔

کسی بھی حاجی کو عزیزیہ، مکہ اور مدینہ ہوٹل میں رشتہ دار کو رات ٹھہرانے کی اجازت نہیں ہوگی۔

حاجی بیمار ہو جانے کی صورت میں حاجی کی رہنمائی کی جائے گی۔ ہسپتال میں داخلہ ہونے کی صورت میں تمام اخراجات بمعہ حاجی خود برداشت کرے گا۔

ہماری کمپنی کی قسم کی ذمہ داری نہ ہوگی۔ آپریشن، ادویات، ٹرانسپورٹ کھانے پینے کے اخراجات حاجی خود برداشت کرے گا۔

☆ کسی بھی حاجی کو ہوٹل کے کمرے میں کپڑے دھونے اور ناشتہ اور کھانا بنانے کی اجازت نہیں ہوگی۔

☆ حاجی کو اپنے ساتھی کے ساتھ بس میں سوار ہونا کہ میرا ساتھی دوسری بس میں بیٹھ گیا ہے۔ کمپنی بالکل ذمہ دار نہ ہوگی۔

☆ بس خراب / دیر ہو جانے کی صورت میں ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا۔

☆ رہائش اور ٹرانسپورٹ کا انتظام مکمل ہو جائے کی بعد حج پر نہ جانے کی صورت میں رقم ناقابل واپسی ہوگی۔ MORA کے قانون کے مطابق عمل کیا جائے گا۔

☆ ہوائی جہاز کا کرایہ / ٹیکس میں کمی بیشی کی صورت میں اضافی رقم عازمین حج کو ادا کرنا ہوگی۔ NO-SHOW چارج حاجی ادا کرے گا۔

☆ مشائر کے دوران سعودی حکومت اگر پاکستانی حجاج کو ٹرین سروس مہیا کی تو اسکے اخراجات بذمہ حاجی ہونگے۔

☆ حاجی اپنا اور اپنے سامان زر کا خود خیال رکھے گا۔ دوران سفر کسی بھی قسم کی گمشدگی یا چوری وغیرہ کی صورت میں کمپنی ذمہ دار نہ ہوگی۔

5/F-1, J-1, Commercial Area, Wapda Town, Lahore.
karwan-e-taj@hotmail.com Ph: +92-42-35224526

☆ شیرنگ پیکج کی رقم-/574,000 روپے ، ٹرپل بیڈ کی رقم -/625,000 روپے ، ڈبل بیڈ کی رقم-/655,000 روپے

نوٹ: تمام حجاج اکرام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر سعودی قوانین کے مطابق گزشتہ سال یا اس سے زائد سال میں حج/عمرہ کیے جانے پر کوئی ٹیکس لاگو کیا گیا تو وہ حاجی کی طرف واجب الادا ہوگا۔ کمپنی ہذا کسی قسم کی ادائیگی کی ذمہ دار نہ ہوگی۔

دونوں فریقین نے اوپر دی ہوئی شرائط پڑھ لی ہیں۔ اور فریقین اس پر عمل کریں گے اور ہمارے درمیان زبانی وعدہ نہیں کیا گیا۔

| نام | ولدیت/شوہر | پاسپورٹ نمبر | فارم نمبر |
|---|---|---|---|
| سردار محمد عاشق کھوکھر | سردار جلال دین کھوکھر | | |
| | | | |

دستخط/نشان انگوٹھا: ٹیلی فون نمبر: 0300 6595200

دستخط چیف ایگزیکٹیو: ..........................................................

موجودہ پتہ: ..........................................................